پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

15/06/2022

امرت یوگ ہفتہ (14 سے 20 جون) کا آج اندرا گاندھی پرتشٹھان لکھنؤ میں افتتاح

لکھنؤ: 15 جون، 2022

21 جو کو منائے جا رہے بین الاقوامی یوگ دیوس-2022 کے تحت امرت یوگ ہفتہ (14 سے 20 جون) منایا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے توسط سے ریاست کے تقریباً 3.5 کروڑ افراد کو یوگ سے جوڑنے کا ہدف ہے۔ اس کے پیش نظر آج صبح کھرجا اور سہارنپور آیورویدک کالج میں یوگ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

یہ اطلاع دیتے ہوئے جوائنٹ ڈائرکٹر آیوروید جناب برجیش گپتا نے بتایا کہ یوگ لوگوں کو نہ صرف صحت مند رکھنے میں مدد کرتا ہے بلکہ اس سے لوگوں کی عمر میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ یوگ کرنے سے لوگ بیماری سے دور رہتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ 21 جون کو وزیر اعظم کی کوششوں سے بین الاقوامی یوگ دیوس کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ہمارے ملک میں یوگ قدیمی پیتھی ہے۔ ہماری ثقافت رہی ہے کہ ہم صبح اٹھیں اور یوگ کریں اسی روایت کو برقرار رکھنے کے لیے یوگ ہفتہ منایا جا رہا ہے۔

☆☆☆☆☆